# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : جیکولین مرزا

کلاس 5 کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کبھی کبھی کوئی دلچسپ عنوان بچوں کو کتاب پڑھنے پر مجبور کر دیتا ہے۔ چوکلیٹ فیکٹری بھی ایک ایسا ہی عنوان ہے۔ یہ تین بچوں کی کہانی ہے جو چوکلیٹ فیکٹری کے اندر پہنچ گئے ہیں۔ بظاہر سنسنی خیز اور ڈراؤنا ماحول ان کے لئے کچھ ہی دیر میں دوستانہ بن جاتا ہے۔ یہ کہانی پڑھ کر بچوں کو سمجھ میں آئے گا کہ بہت سی چیزیں دور سے دیکھنے میں خوفناک لگتی ہیں مگر ان کو قریب سے دیکھ کر اور جان کر اندازہ مختلف ہوتا ہے۔ ٹیچر اس کتاب کو پڑھا کر بچوں سے concept پر کام اور comprehension work کر وائیں۔ یہ کہانی ایک fantasy ہے۔ اسے پڑھ کر بچوں کی imagination کی صلاحیت اجاگر ہوگی۔ ٹیچر کو چاہئے کہ وہ سبق کے حوالے سے critical thinking کی حوصلہ افزائی کریں۔ کتاب چوکلیٹ فیکٹری کی ٹیچرز گائیڈ 11-9 سال کے بچوں کو ذہن میں رکھ کر لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اپنے کلاس کے بچوں کی ذہنی سطح کو مدنظر رکھ کر اس میں ردوبدل کر سکتی ہیں۔

## سیشن 1

5 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کیا کبھی وہ کوئی فیکٹری دیکھنے گئے ہیں؟ بچے زبانی بتائیں کہ فیکٹری اندر سے کیسی ہوتی ہے۔ بچوں کے جواب سننے کے بعد ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ فیکٹری ایک ایسی جگہ ہوتی ہے جہاں ایک قسم کی یا کئی طرح کی چیزیں مشینوں کی مدد سے بہت زیادہ مقدار میں بنائی جاتی ہیں۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ہماری یہ کہانی ایک چوکلیٹ فیکٹری کے بارے میں ہے۔ وہ بچوں سے پوچھیں کس کس کو چوکلیٹ پسند ہیں؟ اگر کسی کو نہیں پسند ہے تو وجہ پوچھیں۔

اب پوچھیں کہ چوکلیٹ کے علاوہ فیکٹریوں میں کھانے پینے کی چیزوں میں اور کیا بنایا جاتا ہے۔ بچے چیزوں کے نام بتائیں۔ ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ ٹیچر خود بھی لسٹ میں اضافہ کریں۔

20 منٹ
- ٹیچر بچوں سے صفحہ 5-1 تک کی باری باری پڑھائی کر وائیں۔ ہر پیراگراف کے بعد ٹیچر بچوں سے اس طرح کی بات چیت اور سوال کریں۔

(1) بچے بتائیں کہ تصویریں دیکھ کر یہ شہر کس قسم کا لگ رہا ہے؟ کیا انہوں نے کبھی ایسا فیکٹریوں والا شہر دیکھا ہے؟ (بچوں کے جواب دلچسپی سے سنیں)۔

(2) ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ کسی چوکلیٹ فیکٹری کا نام جانتے ہیں؟ (جب بچے نام بتائیں تو ٹیچر ان سے بورڈ پر باری باری وہ نام اردو اور انگریزی میں لکھنے کو کہیں۔ بچے اگلے دن گھر سے چیک کر کے آئیں کہ کیا ان کی spelling صحیح ہے؟

(3) ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا کبھی ان کے ساتھ ایسا ہوتا ہے کہ وہ رات میں اکیلے ہیں اور ان کو

طرح طرح کی آوازیں سنائی دے رہی ہوں۔ کون بچہ ان آوازوں سے ڈرتا ہے۔ ان سے پوچھیں کہ انہیں ڈر کیوں لگتا ہے۔ کلاس میں اس بارے میں بات چیت کریں۔ اس طرح بچوں میں اعتماد بحال ہوگا۔

- اب بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے خیال میں فیکٹریز ہمیشہ شہر سے دور کیوں ہوتی ہیں۔ (دھوئیں۔ آلودگی اور شور کی وجہ سے فیکٹریاں عام طور پر شہر سے دور ہوتی ہیں)۔

- اب ٹیچر بچوں سے تینوں بچوں کے بارے میں بات چیت کریں۔
بچوں کے اس گھر میں کتنے لوگ رہتے ہیں؟
انہوں نے اپنی کھڑکی کے باہر کیا دیکھا؟
بچے بتائیں اگر ان کے کمرے میں کھڑکی ہے تو انہیں باہر کیا کیا نظر آتا ہے؟ (بچے اپنے گھر کے کسی بھی کمرے کی کھڑکی سے باہر نظر آنے والے منظر کے بارے میں بھی بتا سکتے ہیں)۔

20 منٹ

- چوتھے پیراگراف کے بارے میں ٹیچر بات کرتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے خیال میں میکائیل خضر اور زہرا میں سب سے بہادر کون ہے؟
بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں کبھی کسی عمارت کے بارے میں جاننے کا شوق ہوا ہے؟ اس عمارت کے بارے میں بچوں سے بات کریں۔ کیا انہیں وہ عمارت پراسرار لگتی ہے یا بہت اچھی۔ وہ اس کے بارے میں مزید کیا جاننا چاہتے ہیں۔

- اب ہر بچہ بازار سے ملنے والی اپنی پسندیدہ کھانے کی چیز کے بارے میں 5 لائنیں لکھے جس میں اس چیز کا رنگ، ذائقہ، شکل، اس کے ریپر اور خوشبو کا ذکر ہو۔ ان کو وہ چیز سب سے اچھی کیوں لگتی ہے؟ یہ بھی لکھیں۔

## گھر کا کام

- بچے مختلف ذرائع سے ٹوفی چوکلیٹ اور بسکٹ کے wrappers جمع کر کے لائیں۔ کلاس میں ان wrappers کی مدد سے بچے ایک گھر ڈیزائن کریں گے۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کلاس میں بات چیت کے درمیان مندرجہ ذیل معلومات بچوں کو دیں۔ چوکلیٹ کوکو سے بنتی ہے۔ کوکو وسطی امریکہ کا درخت ہے۔ مگر اب دنیا کی بہت سی جگہوں پر یہ درخت اگائے جاتے ہیں۔ سب سے زیادہ اس کی کاشت مغربی افریقہ اور فلپائن میں ہوتی ہے۔ کوکو کے پیڑ پر تقریباً "8 لمبی اور "4 چوڑی پھلیاں نکلتی ہیں۔ ایک پھلی میں تقریباً 40 بیج ہوتے ہیں۔ یہ پھلیاں درختوں سے توڑی جاتی ہیں۔ اندر سے بیج نکالے جاتے ہیں۔ ان کے گرد سے گودے کو ہٹا کر انہیں کیلے کے پتوں پر احتیاط سے اور سنبھال کر خشک کرتے ہیں۔

یہ بیج بہت زیادہ ٹیمپریچر پر بھونے جاتے ہیں۔ اس کا اوپر کا شیل ٹوٹ جاتا ہے اور اندر سے ایک اور چھوٹا بیج نکلتا ہے۔ یہ براؤن رنگ کا ہوتا ہے جسے کوکا (cocoa) کہتے ہیں۔ اس میں شکر اور دودھ وغیرہ ملا کر چوکلیٹ بناتے ہیں۔

## سیشن 2

5 منٹ
- پہلے دن پڑھائے گئے سبق کی ٹیچر زبانی دوہرائی کر وائیں۔

40 منٹ
- اب بچوں سے ان کے گھر کے کام کے بارے میں پوچھیں۔ ان کے wrappers جمع کر کے کلاس میں کوئی intresting کام کر وائیں۔ مثلاً بچوں کو چار گروپ میں بانٹ دیں۔ ہر گروپ ایک گتے کا گھر بنائے۔ بعد میں اسے ٹوفی اور چوکلیٹ کے wrappers سے سجائیں۔

## سیشن 3

20 منٹ
- بچوں سے صفحہ 7 سے 15 تک کی پڑھائی کر وائیں۔ صفحہ 7 پڑھاتے ہوئے بچوں سے رات کے وقت سنائی دینے والی آوازوں کے متعلق پوچھیں۔ (مثلاً محلے کے چوکیدار کی سائیکل کی گھنٹی' کتے کے بھونکنے کی آواز' دروازوں کی چرچراہٹ' خراٹوں کی آواز' ہوائی جہاز کی آواز' پنکھے کی آواز)۔

بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ اندھیرے سے ڈرتے ہیں؟ انہیں بتائیں کہ اندھیرے سے ڈر ہمیں اس لئے لگتا ہے کیونکہ ہم صحیح طرح دیکھ نہیں سکتے۔ وہ چیزیں مثلاً ہمارے اپنے لمبے لمبے سائے یا ویران

سڑکیں جنہیں رات میں دیکھ کر ہم ڈرتے ہیں، دن کے وقت بالکل ڈراؤنی نہیں لگتیں۔ بچوں سے کہیں کیا کبھی انہوں نے رات کے وقت ہاتھوں اور انگلیوں کی مدد سے سائے بنائے ہیں؟ ان سے کہیں کہ گھر جا کر آج یہ activity ضرور کریں۔

20 منٹ
- صفحہ 9 پڑھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں ڈرم کے پیچھے کون سی مخلوق ہے۔ اگر وہ کہیں کہ یہ سیارے سے آئی مخلوق ہے تو ان سے پوچھیں کہ یہ مخلوق کون سے سیارہ سے آئی ہے۔ ان سے یہ بھی پوچھیں کہ کیا یہ ہو سکتا ہے کہ یہ مخلوق ہم سے ڈرتی ہو؟ انہیں بتائیں کہ اکثر دوسری مخلوق بھی ہم سے ڈرتے ہیں (مثلاً چھپکلی، مکھی، بلی)۔

بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیاں نکالیں اور لکھیں کہ اکثر وہ رات میں بستر پر لیٹ کر جب دیر تک جاگتے ہیں تو کیا محسوس کرتے ہیں۔ (اندھیرے میں مختلف چیزیں دیکھتے اور سنتے رہتے ہیں)۔ انہیں ہر چیز مختلف نظر کیوں آتی ہے؟ معمولی چیزیں بھی خوفناک کیوں لگتی ہیں اور بچے سوچتے ہیں کہ شاید یہ کوئی ڈراؤنی مخلوق ہے۔ لیکن گھر میں بات چیت، چلنے پھرنے یا کچن کے شور کی آواز سے ان کے ڈر میں کمی آ جاتی ہے۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ جہاں فیکٹریاں ہوتی ہیں ان علاقوں میں طرح طرح کی بڑے سامان اور مشینیں لانے والی گاڑیاں آتی جاتی ہیں۔ بچے ہر قسم کا سامان لانے لے جانے والی گاڑیوں کے نام لکھ کر لائیں۔ ان گاڑیوں میں سے کسی ایک کے متعلق تفصیل سے لکھیں کہ وہ کس طرح کام کرتی ہے۔ اس گاڑی کی تصویر ڈھونڈ کر اپنے کام کے ساتھ لگائیں۔ مثلاً ٹرک، ٹرولر، کرین، بلڈوزر، وغیرہ۔

## سیشن 4

5 منٹ
- ٹیچر پہلے پوری کتاب کی مکمل پڑھائی کلاس میں کر وائیں۔

25 منٹ
- اب بچے چوکلیٹ فیکٹری کے بارے میں سوالوں کے جواب لکھیں۔ اس طرح ٹیچر کو اندازہ ہوگا کہ بچے کس حد تک کہانی کو سمجھے ہیں۔

(1) کیا بچے بتا سکتے ہیں کہ میکائیل اور اس کے بھائی بہن کو سونے کی جلدی کیوں نہیں تھی؟
(2) تینوں بچوں میں سے کس کو ڈراؤنی کہانیاں سنانے کا شوق تھا۔ سب سے زیادہ کون ڈر رہا تھا اور ہنس کون رہا تھا؟
(3) میکائیل نے فیکٹری جانے کا ارادہ کیوں کیا؟ آپ کے خیال میں اس کا یہ فیصلہ صحیح تھا؟ اگر ہاں تو کیوں؟ اور اگر نہیں تو کیوں نہیں؟
(4) صفحہ 7 اور 8 دیکھیں اور ان صفحوں پر ایسی تین چیزیں نوٹ کریں جن سے بچے ڈرے ہوں گے۔
(5) فیکٹری میں جو مخلوق نظر آ رہی تھی ان کا حلیہ بچے تین جملوں میں لکھیں۔
(6) فیکٹری میں جاتے وقت بچے کیا محسوس کر رہے تھے؟ کہانی کے آخر میں کیا محسوس کر رہے تھے؟ یہ فرق ان میں کیوں آیا؟
(7) کلاس کے بچے اپنی اپنی رائے لکھیں کہ کہانی کے شروع میں کہانی کے حوالے سے انہیں کیسا محسوس ہو رہا تھا اور ختم ہوتے ہوتے کیسا محسوس ہوا۔

15 منٹ
- نیچے دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

سناٹا۔ خوفناک۔ ڈولتے سائے۔ مخلوق۔ اڑن طشتری۔

## گھر کا کام

- اگر یہ کام کلاس میں ختم نہ ہو پائے تو بچے گھر سے کر کے لائیں۔

## سیشن 5

35 منٹ
- ٹیچر ایک مرتبہ پوری کہانی کا خلاصہ بچوں کو سنائیں۔

اب بچے سوچیں کہ وہ کسی مخلوق کی سرزمین پر گئے ہیں۔ بچے مندرجہ ذیل باتیں ذہن میں رکھ کر ایک کہانی لکھیں۔
(1) اڑن طشتری یا روکٹ کی بناوٹ اور اس میں بیٹھ کر سفر۔
(2) کسی مخلوق کی سرزمین پر پہنچنا۔
(3) مخلوق کی شکل و صورت۔

(4) اپنے اس سیارے کو اور مخلوق کو نام بھی دیں۔
(5) کہانی لکھنے کے بعد اس کے بارے میں تصویریں بھی بنائیں۔

10 منٹ • جب بچے لکھ چکیں تو چند بچوں سے ان کا لکھا ہوا مضمون پڑھوائیں۔ ٹیچر حوصلہ افزائی کریں۔

## سیشن 6

25 منٹ • بچے آج کے سیشن میں مندرجہ ذیل مرکب الفاظ کو اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ ان کے معنی واضح ہو جائیں۔ (عجیب و غریب، کھیل کود، خرید وفروخت، نرم و ملائم، تعلیم و تربیت، آب و ہوا، دل و دماغ، شور شرابہ۔)

20 منٹ • نیچے دیئے گئے مختلف الفاظ اور معنی بے ترتیب لکھے ہیں۔ ٹیچر یہ الفاظ اور بے ترتیب معنی بورڈ پر لکھیں بچے صحیح کر کے کوپیوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| نامور | قریب |
| سناٹا | رات |
| خوفناک | مزیدار |
| قصے | دن |
| بہادر | اندھیرا |
| مسکین | غریب |
| تاریکی | خاموشی |
| یوم | مشہور |
| لذیذ | ڈراؤنا |
| شب | کہانیاں |
| نزدیک | دلیر |
| اردگرد | ایک دم سے |
| یکایک | آس پاس |

**نوٹ**

- اسکول کے ہیڈ سے بات کر کے ٹیچر بچوں کے لئے کسی چوکلیٹ یا بسکٹ فیکٹری کے ٹرپ کا بندوبست کریں۔

دوسری صورت میں یعنی اگر بچے چوکلیٹ فیکٹری نہیں جا سکے تو ٹیچر کلاس میں کتاب کی مکمل دہرائی کر وائیں اور کتاب سے تقریباً 25 سے 35 الفاظ کا املا لیں۔ چند الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| شہر | فیکٹری | مشہور | ٹریکٹر |
| ویگن | سناٹا | لائنیں | چمنی |
| دھواں | چوکلیٹ | عجیب و غریب | گھڑ گھڑاہٹ |
| خوفناک | امتحان | چھٹی | ڈراوَنے |
| کھڑکی | جھانکتے | پلیز | اکیلی |
| پیچھے | چمگادڑ | مشینوں | سلنڈر |
| سہم | چیخ | جھانک | مخلوق |
| بجلی | اڑن طشتری | سماں | انتظار |

## سیشن 7

45 منٹ

- اگر بچے چوکلیٹ فیکٹری کا ٹرپ کر کے آئے ہیں تو اپنے سفر اور فیکٹری کے متعلق ایک مضمون لکھیں۔ انہیں یہ فیکٹری اپنی کہانی کی فیکٹری سے کتنی مختلف لگی۔ یہ بھی لکھیں کہ ان کے خیال میں کون سی فیکٹری کا دورہ زیادہ دلچسپ ہونا چاہیۓ اور کیوں؟

# چوکلیٹ فیکٹری

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale